مولانا محمد اسلام حقانی
رکن موتمر المصنفین



تعارف وتبصرہ کتب

● شیخ الحدیث مولانا ڈاکٹر شیر علی شاہ مدنی: حیات وخدمات

مؤلفین: مولانا سعید الحق جدون، مولانا مفتی بخت شید ضخامت: ۲ جلد ۱۱سو صفحات

ناشر: دار الارشاد للنشر والتوزیع (الارشاد اکیڈمی) صوابی 03139803280

شیخ الحدیث حضرت مولانا ڈاکٹر سید شیر علی شاہ مدنی نور اللہ مرقدہ خواص اور عامہ الناس کے حلقوں میں محتاج تعارف نہیں، ماضی قریب کی علمی وروحانی شخصیات میں حضرت شیخ کا نام نامی نمایاں اور عیاں ہے، انہوں نے اپنی متاع حیات قرآن وسنت کی تعبیر وتشریح، فروغ واشاعت دین، اسلامی تعلیمات کی نشر و اشاعت اور عمل کیلئے وقف کی ہوئی تھی، درس، تدریس، وعظ وتبلیغ، تصنیف وتالیف ان کا مشغلہ خاص رہا ہے، جامعہ دارالعلوم حقانیہ میں سالہا سال (یعنی آخری دم تک) درس وتدریس سے منسلک رہے اور تشنگان علوم نبوت کو سیراب کرتے رہے، ان کی موت کے بعد ان کی حیات وخدمات پر ماہنامہ "الحق" نے خصوصی اشاعت کا اہتمام کیا اور ان کی زندگی پر ضخیم کتاب شائع کی تاہم اس پر مستقل کتاب لکھنے کی ضرورت باقی تھی اس ضرورت اور تشنگی کا احساس کرتے ہوئے مولانا سعید الحق جدون اور مفتی بخت شید صاحبان نے اس کا ازالہ کردیا اور ایک ضخیم کتاب مرتب کرکے منظر عام پر لانے کی سعادت حاصل کی۔

زیر تبصرہ کتاب "شیخ الحدیث شیر علی شاہ مدنی حیات وخدمات" مولانا سعید الحق جدون اور مفتی بخت شید کی ایم فل مقالہ اور حضرت شیخ کی زندگی پر مستقل علمی کاوش ہے جس میں حضرت شیخ کی پوری زندگی علمی، سیاسی، جہادی خدمات کا احاطہ کیا گیا ہے، ان دونوں صاحبان کو علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی طرف سے اس تاریخی کاوش پر ایم فل کی ڈگری بھی تفویض کی گئی، یہ کتاب ۲ جلدوں اور سولہ ابواب پر مشتمل ہے، جس کا اجمالی خاکہ کچھ یوں ہے۔باب اول: شیخ الحدیث حضرت مولانا سید شیر علی شاہ کے سوانح حیات، باب دوم: حضرت شیخ الحدیث کی سیرت وکردار کے مختلف پہلو اور مختلف گوشے، باب سوم: حضرت شیخ کی علمی مقام اقوال علماء اور معاصرین کی روشنی میں، باب چہارم: حضرت شیخ کی تدریسی خدمات، باب پنجم: حضرت شیخ کا اسلوب درس وتدریس، باب ششم: حضرت شیخ کی تفسیری خدمات ان کے تالیفات اور درسی افادات کی روشنی میں، باب ہفتم: حضرت شیخ کے دورہائے تفسیر اپنے شیوخ کے طرز واسلوب پر، باب ہشتم: حضرت شیخ کی